نمبر ۲۶ — جلد ۳۰

RAMPUR STATE GAZET

گزٹ ریاست رامپور

بحکم نواب اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۶ محرم الحرام ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۵ جون ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت ٹھیکہ خرید غلہ	۲۰۱
۲	حساب ۲۰۰۰ بیم ملازمان مطبع	۲
۳	ملاحظہ ... وغیرہ ... حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	[illegible]
۴	رخصت ...	[illegible]
۵	باہمی ...	۲۰۲
۶	احکام صاحب ... سکریٹری بہادر	[illegible]
۷	... انسپکٹری	[illegible]
۸	رخصت ... صاحب ...	[illegible]
۹	اضافہ ...	[illegible]

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔ واقع ۲۴ مئی ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ ٹھیکہ خرید غلہ مصارف کارخانہ جات سال ۱۳۳۷ف (مطابق ۱۹۲۸ء) حسب صراحت رپورٹ افسر کارخانہ جات بنام ٹھیکہ داران مندرجہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

باقی آئندہ۔ دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

و نام ضابطہ حسب صراحت حکم اجلاس اعلےٰ محکمہ اجلاس اعلےٰ محکمہ صدر سے جاری ہوں۔ ۲۰ مئی ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نمبر شمار	نام جنس	تعداد وغلہ مع تفصیل کارخانہ جات		نرخ	نام ٹھیکہ دار
۱	گندم پیداوار تحصیل	۸ من	مصارف خاصہ	۵۰	سنن لال ولد پیارے لال
۲	گندم کوکلہ ...	۶۰۰ من	مصارف مہمانان	[illegible]	
۳	چوکر	۳۰۰ من	مصارف اصطبل	۱۲	
۴	دال ارہر	۸ من	مصارف جیلخانہ	۵	لیکھراج ولد بھائی رام
۵	دال مسور	۸ من	محتاج خانہ، جیلخانہ	۵	
۶	گوڑ	[illegible]	بازدار خانہ، کبوتران جناب ... ، ...	۹	برجموہن لال ولد دیال داس
۷	دال کہ	[illegible]	محتاج خانہ، یتیم خانہ	[illegible]	
۸	جئی ...	[illegible]	مصارف گاؤمیش خانہ	۱۰	پیارے لال ولد شنکر داس
۹	تخم ...	[illegible]	اصطبل ... ، ...	[illegible]	
۱۰	گندم پیداوار ...	[illegible]	محتاج خانہ، ... ، یتیم خانہ، بازدار خانہ، جیلخانہ	[illegible]	... ولد ... لال ...

نمبر شمار	نام جنس	تعداد غلہ بتفصیل کارخانجات	نرخ	نام ٹھیکہ دار
۱۱	بوسی ارہر	۱۱ من مصارف کارخانجات	۶ ۲ ۱	سالگ رام ولد دولت رام
۱۲	بہی ولایتی	الف [illegible] مصارف اصطبل	[illegible]	[illegible]
۱۳	خوردکہ آتشبار	۱۰ من مصارف فیلخانہ	[illegible]	ہزاری لال ولد بابو رام
۱۴	گڑ	[illegible]	[illegible]	پیارے لال ولد سوبھا رام
۱۵	کھل	الف [illegible]	[illegible]	چندر بھان

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۰ جون سنہ ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مورخہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۸ء ملازمان مطبع کو علاوہ وقت معینہ کام کرنیکی حالت میں تنخواہ کے اعتبار سے اور ٹائم دیا جاتا تھا۔ لہذا عام ملازمان مطبع کے لئے دن کی شرح ایک گونہ اور رات کو دوگونہ ہوگی۔ اہلکاران مطبع کو عام ملازمان کی شرح سے ڈیڑھ گونہ شرح ملیگی۔ اور ٹائم کی رقم ملازمان مطبع کو بجٹ مطبع سے دیجائیگی۔ اور صاحبان فرمائش سے علاوہ اجرت مقررہ کے یہ رقم بھی بل میں درج ہو کر وصول کیجائیگی اور آمدنی مطبع میں شامل ہوگی۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بالی آرڈر دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب مراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں - ۱۱ جون سنہ ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۱۱ جون سنہ ۱۹۲۸ء

بعض اوقات دیکھا جاتا ہے کہ مستغیث لوگ جمع کرکے راہ میں موٹر وغیرہ کی سواری کے وقت عرضیاں دیتے ہیں چنانچہ کل کسی غیر نے اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم کی سواری موٹر کے وقت چند جگہ عرضی پیش کرنیکی کوشش کی یہ طریقہ نامناسب ہے۔

ریاست میں عدالتین مقرر ہیں ہر صیغہ کے دفاتر و افسران موجود ہیں جو مستغاثہ جس صیغہ یا جس عدالت کے متعلق ہوتا ہے وہان اسکی سماعت کیجاتی ہے اور مناسب احکام صادر ہوتے ہیں پھر ایسی صورت میں یہ طریقہ درخواست گذرانیکا ناموزون اور داخل سوء ادبی کے کرنا ہے علاوہ ازین بیٹھے اور بلا غرض و معروض کے لئے سرکار دولت مدار کا راستہ روکنے کی کوشش کیجاتی ہے۔ آیندہ کے لئے عام طور پر لوگون کو متنبہ ہونا چاہئے کہ وہ اس طریقہ کو نہ اختیار کرین اور جو درخواست وغیرہ کوئی مستغیث بیشگاہ اعلیحضرت بندگان دام اقبالہم و ملکہم میں گذرانا چاہے وہ دفتر اجلاس ہمایون میں حاضر ہو کر پیش کرے راہ میں سواری پر درخواست گذرانا خلاف قاعدہ ہے - پولیس اور میونسپلٹی سے نگرانی رکھی جائے - کہ آیندہ جو شخص اس طرح سے عرضی دینا چاہے تو اسکو روکا جائے اور سمجھا دیا جائے کہ وہ دفتر اجلاس ہمایون میں حاضر ہو کر عرضی دے اور مجمع کو ہمراہ نہ لیجائے جسکو عرضی دینا ہے وہی حاضر ہو کر عرضی دیدے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو میونسپلٹی سے بآواز دہل منادی کرادی جائے - ایک نقل صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو مرسل ہو کر لکھا جائے کہ تحصیلداران کاشتکاران دیہات کو ہدایت کردین جو بعض لوگ پیدل کرتے ہیں اکثر دفتر پولیس پر بھی دیہاتی گروہ گروہ آتے رہتے ہیں انکو منع کیا جائے اور نیز شہر کے لوگ بھی دفتر پولیس پر آتے ہیں اور اکثر جاری موٹرین بھی راستہ میں روک لیتے ہیں - آیندہ ایسا نہ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت

۱۳ جون سنہ ۱۹۲۸ء

مثل تحریر صاحب مہتمم بندوبست درباره منظوری رخصت مزید دو ماہ منشی نذیر حسین گرداور نانو گنج تحصیل سوار بوجہ بقائے مرض بعوض غضنفر علیخان سیرحسین

حکم

منشی حسین خان گرداور نانو گنج تحصیل سوار نے بوجہ علالت دو ماہ کی رخصت بعوض سید غضنفر علیخان حاصل کی تھی جسکی میعاد ۱۰ جون سنہ ۱۹۲۸ء کو ختم ہوگئی - بوجہ بقائے علالت گرداور نے مزید رخصت بشمول سرٹیفکیٹ ڈاکٹری درخواست دی ہے۔ تحصیلدار صاحب نے غضنفر علیخان کے کام پر اطمینان ظاہر کیا ہے بسفارش تحصیلدار صاحب و صاحب مہتمم بندوبست نے دو ماہ منظوری رخصت مزید گرداور کی بعوض غضنفر علیخان رپورٹ کی ہے لہذا حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست مورخہ ۱۲ جون سنہ ۱۹۲۸ء بسلسلہ سابقہ دو ماہ کی مزید رخصت گرداور نانو گنج بعوض غضنفر علیخان منظور ہو - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادل
۱۴ جون سنہ ۱۹۲۸ء

مثل تحریر صاحب مہتمم بندوبست درباره منظوری تبادلہ سید معصوم شاہ پٹواری نانو گنج تحصیل بلاسپور در تحصیل ملک و کشن بہاری لال پٹواری نانو گنج تحصیل ملک در تحصیل بلاسپور بتراضی باہمی و رضامندی ہر دو تحصیلدار صاحبان -

حکم

حسب تحریر صاحب مہتمم بندوبست سید معصوم شاہ رجسٹرار قانونگو تحصیل بلاسپور و گنگا بہار لال رجسٹرار قانونگو سفینہ تحصیل ملک کا تبادلہ باہمی حسب درخواست خود و تحصیلداران ملک و بلاسپور منظور ہے۔ بحالت تبادلہ ہر دو رجسٹرار قانونگو اپنی اپنی تنخواہ پائینگے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمّی بسنت شاہ چہارم پاس کا تقرر مدرسہ حکیم گنج رائے پور تحصیل سوار میں لعہ ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے چند ماہ منظور کیا گیا۔ لہٰذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مصطفیٰ حسین مدرس اول مدرسہ بازار نصر اللہ خاں کی رخصت رعایتی پانچ یوم بسلسلۂ رخصت سابق منظور کیجاتی ہے۔ محمد امین بدستور مصطفیٰ حسین کی جگہ ایام رخصت میں کام کریگا۔ اور بحساب لعہ ماہوار تنخواہ پائیگا

لہٰذا حکم ہے کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسین ذیل برخاست کئے گئے۔

۱۔ نجیب اللہ مدرس مدرسہ ... پور تحصیل ٹانڈہ بوجہ غیر حاضری ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء یوم تقرر سے برخاست کیا گیا۔

۲۔ نند رام مدرس مدرسہ گھمٹیا تحصیل ملک بوجہ پیرانہ سالی برخاست کیا گیا۔ اور بجائے ناسبردہ کے تلسی رام چہارم پاس کا تقرر لعہ ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے چند ماہ منظور کیا گیا۔

۳۔ ایوب بیگ مدرس بہار گھاٹ تحصیل سوار بوجہ غیر حاضری برخاست کیا گیا۔ اور بجائے انکے قیام الدین پنجم پاس کا تقرر امتحاناً برائے چند ماہ لعہ تنخواہ پر کیا گیا۔

لہٰذا حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

وضع غیر حاضری

۲ جون سنہ ۱۹۲۰ء

بملاحظہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس واضح ہوا کہ مولا بخش مدرس ... تحصیل ملک ۱۹ و ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء کو نصف نصف یوم غیر حاضر رہا ہے۔ لہٰذا ناسبردہ کی ایک یوم کی غیر حاضری وضع کی گئی۔ اور چونکہ بلا اطلاع و بلا حصول رخصت وہ غیر حاضر ہوا۔ لہٰذا ایک یوم کی مزید غیر حاضری بطور جرمانہ وضع کی گئی۔

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب صراحت یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب مورخہ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب ذیل تبادلہ شفاخانہ یکم جون سنہ ۱۹۲۰ء سے کئے گئے ہیں۔ لہٰذا گزارش ہے کہ احکام ضابطہ اجرا فرمائے جانے کا حکم صادر فرمایا جائے۔

(۱) ڈاکٹر محمد حسین کا تبادلہ شفاخانہ شاہ آباد سے شفاخانہ ٹانڈہ کو بجائے ڈاکٹر من موہن لال کے

(۲) ڈاکٹر من موہن لال کا تبادلہ شفاخانہ ٹانڈہ سے شفاخانہ بلاسپور کو بجائے ڈاکٹر امراؤ حسین کے

(۳) ڈاکٹر امراؤ حسین کا تبادلہ شفاخانہ بلاسپور سے شفاخانہ سوار کو بجائے ڈاکٹر ایشور ناتھ کے۔

(۴) ڈاکٹر ایشور ناتھ کا تبادلہ شفاخانہ سوار سے شفاخانہ شاہ آباد کو بجائے ڈاکٹر محمد حسین کے

(۵) پرشوتم سروپ کمپونڈر کا تبادلہ شفاخانہ صدر سے شفاخانہ بلاسپور کو بجائے عبد المجید کے۔

(۶) اور عبد المجید کمپونڈر کا تبادلہ شفاخانہ بلاسپور سے شفاخانہ صدر کو بجائے پرشوتم سروپ کے۔

دستخط صاحب چیف میڈیکل افسر

رخصت

۳ جون سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس مسمّی اشرف علی مدرس ... ناگلہ پرگنہ ... تحصیل ... کی رخصت ایک ماہ ۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء سے بوضع تنخواہ منظور کی گئی۔ مدرسہ کے ... کو ۴ جون سنہ ۱۹۲۰ء سے باقی ایام رخصت میں اشرف علی کا عوض مقرر کیا گیا۔ لہٰذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۹ جون ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس سے ملک شیر خان نائب مدرس مدرسہ بھوٹ بقال تحصیل سوار ۱۹ جون ۱۹۲۰ء سے اپنی ملازمت پر مستقل کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ جون ۱۹۲۰ء

تحریر صاحب چیف مجسٹریٹ ضلع دربارہ منظوری رخصت دس یوم محمد شاہ خان محرر شمول محافظ خانہ فوجداری بذمہ داری نہال الدین محرر محافظ خانہ از یوم استفادہ۔

حکم

دس یوم کی رخصت محمد شاہ خان محرر محافظ خانہ فوجداری کی بذمہ داری نہال الدین محرر محافظ خانہ منظور ہے۔ روز روانگی سے رخصت شمار ہوگی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب فائننس سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ جون ۱۹۲۰ء

مثل تحریر بخشی صاحب فوج دربارہ اضافہ تنخواہ مبلغ تین روپیہ ماہانہ سید ایوب حسین نائب محرر بخشیگری بوجہ محنت لیاقت و کمی تنخواہ۔

حکم

تین روپیہ ماہوار اضافہ مشاہرہ موجودہ سید ایوب حسین نائب محرر بخشیگری برحسب رپورٹ بخشی صاحب منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائننس سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ جون ۱۹۲۰ء

تحریر بخشی صاحب فوج دربارہ اطلاع منظوری رخصت خود تعدادی دو ہفتہ منظور فرمودۂ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔

حکم

آج سے بخشی صاحب کی دو ہفتہ کی رخصت منظور ہے۔ دوران رخصت میں بخشی صاحب کا کام نائب بخشی انجام دیں۔ بغرض اجرای احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائننس سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ مئی ۱۹۲۰ء

مثل رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ اضافہ سہ روپیہ ماہوار رام کرشن پال محرر چنگی بوجہ حسن انجام دہی کار متعلقہ۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر رام کرشن پال نائب محرر چنگی کی موجودہ تنخواہ میں بوجہ کمی تنخواہ و زیادتی کام تین روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ اس اضافہ کا عمل درآمد یکم مئی ۱۹۲۰ء سے کیا جاوے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا